PUNJAB
Education Foundation

مراسلہ نمبر: PEF/CIR/ADC/07-2023/6241 تاریخ: 05 جولائی 2023

محترم پارٹنرز (FAS/EVS/NSP)

عنوان: مون سون کے موسم کے لیے احتیاطی تدابیر اور انسداد ڈینگی SOPs کا نفاذ

پیف انتظامیہ بذریعہ سرکلرز پیف پارٹنرز کو وقتاً فوقتاً ہدایات جاری کرتی رہی ہے کہ تمام پیف پارٹنرز بلا تفریق اپنی اینٹی ڈینگی ایپلیکیشن میں روزانہ کی بنیاد پر اینٹی ڈینگی سرگرمیاں بلا تعطل اور مطلوبہ تعداد میں SOPs کے مطابق جنرل (General) کیٹیگری میں اپلوڈ کریں۔

تمام پیف پارٹنرز کو تاکید کی جاتی ہے کہ ڈینگی کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے مندرجہ ذیل ہدایات پر ضرور عمل کریں:

i۔ احاطہ، بیت الخلاء، پانی کے ٹینک اور چھتوں وغیرہ کی صفائی کو یقینی بنائیں۔

ii۔ ردی / ملبے اور کوڑا کرکٹ کو روزانہ کی بنیاد پر ہٹائیں۔

iii۔ پانی کو اکٹھا نہ ہونے دیں، ٹھہرے ہوئے پانی کو ہٹائیں اور نل و ٹینکی وغیرہ سے پانی کے رساؤ کو روکیں۔

iv۔ صحن اور گراؤنڈ سے گھاس کی کانٹ چھانٹ کریں۔

v۔ ڈینگی سے متعلقہ بینرز، پوسٹرز اور چارٹس آویزاں کریں۔

vi۔ ڈینگی کی افزائش کیلئے سازگار ماحول کا تدارک کریں۔

نوٹ: جنرل کیٹیگری میں Before اور After کی ایکٹیویٹیز میں 3 مٹ کا وقفہ لازمی ہو۔ تصاویر میں صفائی سے پہلے اور بعد کی صورتحال نمایاں نظر آئے وگرنہ ایکٹیویٹیز Fake تصور کی جائیں گی۔ مزید برآں اینٹی ڈینگی سرگرمیاں نہ کرنے یا Fake Activity کرنے کی صورت میں اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ اور دیگر متعلقہ اتھارٹیز گورنمنٹ آف پنجاب کی ہدایات کے مطابق پیف انتظامیہ سخت ایکشن (بشمول Penalties) لے گی۔

خیر اندیش

فوکل پرسن برائے انسداد ڈینگی مہم

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن

Head Office
52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk,
Lahore. Ph: 042-99232791 - 98

Regional Office Rawalpindi
H # 3, Main Road, Near Car Chowk,
Phase 6 Gulraiz Colony Rawalpindi
Ph: 051-9330273

Regional Office Multan
25/G, Shah Rukne Alam Colony,
Multan. Ph: 061-6780043

Scanned with CamScanner